**SET-3**

**Series ZZYY1/C**

Q.P. کوڈ
**Q.P. Code 48/C/3**

رول نمبر
Roll No.

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |

امیدوار سوال نامہ کوڈ کو جواب کاپی کے سرورق پر لازمی طور پر لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# سوشیل سائنس

# SOCIAL SCIENCE

وقت: *3 گھنٹہ* | کل نمبر: *80*

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum Marks : 80*

---

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **15 +1** نقشہ ہے۔
- سوال نامہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوال نامہ میں چھپے سوالات کی تعداد **37** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **15** printed pages **+1** Map.
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **37** questions.
- **Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

*

---

**عام ہدایات :**

درج ذیل ہدایات کو بغور پڑھیے اور اُن پر سختی سے عمل کیجیے :

(i) اس سوال نامہ میں **37** سوال ہیں۔ **سبھی سوال لازمی ہیں۔**

(ii) یہ سوال نامہ **6** حصّوں A , B , C , D , E اور F میں منقسم ہے۔

(iii) **حصّہ-A** میں سوال نمبر **1** سے **20** تک کثیر اختیاراتی سوال ہیں۔ ہر ایک سوال **1** نمبر کا ہے۔

(iv) **حصّہ- B** میں سوال نمبر **21** سے **24** تک بہت چھوٹے جوابوں والے سوال ہیں۔ ہر ایک سوال **2** نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب **40** لفظوں میں لکھیے۔

(v) **حصّہ-C** میں سوال نمبر **25** سے **29** چھوٹے جوابوں والے سوال ہیں۔ ہر ایک سوال **3** نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب **60** لفظوں میں لکھیے۔

(vi) **حصّہ-D** میں سوال نمبر **30** سے **33** طویل جوابوں والے سوال ہیں۔ ہر ایک سوال **5** نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب **120** لفظوں میں لکھیے۔

(vii) **حصّہ-E** میں سوال نمبر **34** سے **36** کیس اسٹڈی پر مبنی سوال ہیں ۔ ہر ایک سوال کے ساتھ 3 – 3 ذیلی سوال ہیں۔ ہر ایک سوال **4** نمبر کا ہے۔

(viii) **حصّہ-F** میں سوال نمبر **37** نقشہ پر منحصر ہے۔ یہ سوال **5** نمبر کا ہے جو کہ **37(a)** تاریخ سے(**2** نمبر)، اور **37(b)** جغرافیہ سے ( **3** نمبر) سے متعلق ہے۔

(ix) سوال نامہ میں کوئی اختیار نہیں ہے۔ مگر کچھ سوالات میں اندرونی اختیار دیے ہیں۔ ایسے سوالوں میں سے **صرف ایک ہی اختیار کا جواب لکھیے۔**

(x) اس کے علاوہ، ضرورت کے مطابق، ہر ایک حصّے اور سوال کے ساتھ متعلقہ ہدایات دی گئی ہیں۔

## حصّہ - A

## کثیر اختیاراتی سوالات

*(20×1=20)* **(Multiple Choice Questions)**

**1.** درج ذیل میں سے کس نے 1930 میں " ڈپریسیڈ کلاسیز ایسوسی ایشن "
(Depressed Classes Association) کو منظم کیا؟

(a) اِی۔وی۔ پیریار

(b) جیوتی باپھولے

(c) بی۔آر۔امبیڈکر

(d) مہاتماگاندھی

**2.** درج ذیل میں سے کس علاقے کو 'سونے کا معروف شہر' کہاجاتا ہے ؟

(a) پیرو

(b) میکسیکو

(c) ایل ڈوراڈو

(d) اسپین

**3.** دی گئی معلومات کی مدد سے فصل کو پہچانیے۔

- ہندوستان دنیا میں اس فصل کا سب سے بڑا پیدا کرنے والا اور صارف بھی ہے۔
- یہ فصل نباتاتی غذا (vegetarian diet) میں سب سے زیادہ پروٹین کا اہم ذریعہ ہے۔
- ان فصلوں کو کم نمی اور خشک حالات میں اُگایا جاتا ہے۔
- ان فصلوں کو عام طور پر دوسری فصلوں کے rotation میں (باری باری) بویا جاتا ہے۔

متبادل :

(a) گیہوں (b) باجرہ

(c) دالیں (d) چاول

**.4** درج ذیل تصویر کو دیکھیے اور اس کے نیچے دیے گئے جوابات میں سے صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے :



درج ذیل میں سے کون سا پہلو 'جرمینیا' کی اس تصویر کو سب سے صحیح دکھاتا ہے ؟

(a) جرمنی کے محافظ کی شکل میں

(b) اپنے بچّے کے محافظ کی شکل میں

(c) جرمن رائن کے محافظ کی شکل میں

(d) عورتوں کے حقوق کے سرپرست کی شکل میں

**.5** صحیح متبادل سے خالی جگہ کو بھریئے۔

1558 کے دوران روم میں ______________ نے ممنوع کتابوں کا اشاریہ برقرار رکھنا شروع کیا۔

(a) چرچ

(b) اونچے طبقے کے افراد (امیر لوگوں)

(c) پروٹیسٹنٹ (احتجاجی مسیحی)

(d) صنعت کے مالکوں

**6.** درج ذیل میں سے صحیح متبادل کا انتخاب کر کے کالم 1 کو کالم 2 سے ملایئے :

| | کالم 1 (مٹی کا کٹاؤ) | | کالم 2 (وضاحت) |
|---|---|---|---|
| A. | نالیوں کا کٹاؤ | I. | پانی ایک چادر کی طرح ڈھلواں زمین سے نیچے اتر کر بہتا ہے |
| B. | ہوا کا کٹاؤ | II. | غلط ڈھنگ سے ہل چلانا یعنی ڈھال کے اوپر سے نیچے کی طرف کرنے سے پانی کی تیز روانی سے گہری نالیاں بن جاتی ہیں۔ جس سے مٹی کا کٹاؤ ہوتا ہے |
| C. | چادر نما مٹی کا کٹاؤ | III. | بہتا پانی چکنی مٹی کو کاٹتے ہوئے گہری نالیاں بناتا ہے |
| D. | کاشتکاری کے غلط طریقے | IV. | ہوا کے ذریعے میدان اور ڈھلواں زمین سے ڈھلی مٹی کو اڑا لے جانے کا عمل |

متبادل :

(a) A-I, B-II, C-III, D-IV

(b) A-II, B-III, C-IV, D-I

(c) A-III, B-IV, C-I, D-II

(d) A-IV, B-I, C-II, D-III

**7.** بھیرودیو ڈاکو 'سونچری' (Bhairodev Dakav 'Sonchuri') کے متعلق درج ذیل میں سے کون سا بیان صحیح **نہیں** ہے؟

(a) اس میں 1200 ہیکٹر جنگلات کی زمین ہے۔

(b) راجستھان کے ضلع الور کے پانچ گاؤں کے باشندوں نے اس کو سونچری 'Sonchuri' کے نام سے وقف کر رکھا ہے۔

(c) کسی بھی باہری لوگوں کی مداخلت کے خلاف جنگلاتی زندگی کو تحفظ حاصل ہے۔

(d) یہاں کے نظم و قانون حکومت کے ذریعے اعلان کر دیے گئے ہیں۔

**8.** درج ذیل میں کس ملک کے ساتھ بیلجیم اپنی سرحد کی حصہ داری کرتا ہے؟

(a) اٹلی

(b) سوئیزرلینڈ

(c) لکزم برگ

(d) اسپین

**9.** میونسپل کارپوریشن کے افسر کو کیا کہا جاتا ہے؟

(a) میئر (b) ایم ایل اے

(c) سرپنچ (d) پردھان

**10.** درج ذیل ممالک میں کس ملک کی سیاست میں عورتوں کی حصّہ داری بہت زیادہ ہے؟

(a) فنلینڈ (b) ہنگری

(c) روس (d) لاتویا(Latvia)

**11.** سری لنکا میں درج ذیل میں سے کون سا اقلیتی گروپ ہے؟

(a) تمل (b) عیسائی

(c) سنہالی (d) مسلم

**12.** کس ملک کی معاشی ترقی میں درج ذیل میں سے کون سا سبب / عنصر اہم رول ادا **نہیں** کرتا ہے؟

(a) عالم کاری پر دوسرے ملکوں سے تعاون

(b) آبادی کا سائیز

(c) حکومت کے ذریعے اپنائی گئی معاشی اوّلیت

(d) پڑوسی ملکوں کے ساتھ علاقائی مدعے

**13.** سیاسی پارٹیاں درج ذیل میں سے کس متبادل کی ایک ضروری شرط ہیں؟

(a) جمہوریت (Democracy)

(b) آمرانہ، تحکمانہ(Authoritarian)

(c) آمریت/تاناشاہی(Dictatorship)

(d) شخصی سلطنت/مطلق العنانی (Despotism)

**14.** درج ذیل میں سے اوسط آمدنی کی کون سی صحیح وضاحت ہے؟

(a) آبادی کی کل آمدنی

(b) آبادی میں سب سے زیادہ کمانے والوں کی آمدنی

(c) آبادی میں سب سے کم کمانے والوں کی آمدنی

(d) آبادی میں لوگوں کی تعداد سے تقسیم کرکے کل آمدنی

**15.** کمل کانت ایک دکاندار ہے۔ جو اپنا ٹیکس وقت پر جمع کرتا ہے۔ حالانکہ اس کی دکان کے کسی بھی ملازم کو سال میں کوئی بھی Paid Leave (چھٹی کا معاوضہ) نہیں ملتی ہے۔ دی گئی حالت کی بنیاد پر صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے۔

(a) ملازمین منظم سیکٹر میں کام کر رہے ہیں۔

(b) ملازمین غیر منظم سیکٹر میں کام کر رہے ہیں۔

(c) ملازمین جوائنٹ سیکٹر میں کام کر رہے ہیں۔

(d) ملازمین عوامی سیکٹر میں کام کر رہے ہیں۔

**16.** ایک امیر خاندان کی ایک لڑکی کے لیے درج ذیل متبادل میں سے ترقیاتی مقصد کا انتخاب کیجیے :

(a) کام کے زیادہ دن ملنا

(b) اپنے بھائی جیسی آزادی ملنا

(c) بجلی ملنا

(d) بہتر تنخواہ ملنا

**17.** ایک منظم سیکٹر (Enterprise) میں کام کرنے والے پر درج ذیل میں سے کون سا ایکٹ لاگو **نہیں** ہوگا؟

(a) کم سے کم مزدوری ایکٹ

(b) قومی دیہی روزگار گارنٹی ایکٹ

(c) فیکٹری ایکٹ

(d) سبکدوشی صلہ (گریجویٹی دیے جانے والا) ایکٹ

**18.** درج ذیل میں سے کون سی خصوصیت ملٹی نیشنل کمپنی کی **نہیں** ہے؟

(a) یہ ایک سے زیادہ ملکوں کی پیداوار پر کنٹرول کرتی ہے۔

(b) یہ وہاں کارخانے قائم کرتی ہے جہاں سے بازار قریب ہوتے ہیں۔

(c) اس کا پیداوار کا عمل پیچیدہ ڈھنگ (complex ways) سے منظم ہوتا ہے۔

(d) یہ صرف اپنے ہی ملک کے مزدوروں کو ملازم رکھتی ہے۔

**19.** غریب خاندان ابھی بھی قرض کے غیر رسمی وسیلے پر منحصر کیوں ہیں؟

(a) قرض کے مقابلہ ضمانت (سیکورٹی) نہ ہونے کی وجہ سے

(b) کم سود کی شرح کی وجہ سے

(c) گاؤں کے لوگوں کی بینکوں میں پہنچ نہ ہونے کی وجہ سے

(d) بینکوں کا دور دراز جگہوں پر ہونے کی وجہ سے

**20.** درج ذیل میں سے کون سی ہندوستان میں 1991 معاشی پالیسی میں دوررس تبدیلی ہے؟

(a) تجارت کی بندشوں کو ہٹانا

(b) غیر ملکی تجارت پر بندشیں لگانا

(c) غیر ملکی تجارتی مسابقت پر پابندی لگانا

(d) گھریلو اور غیر ملکی پیداکاروں کو تحفظ فراہم کرنا

## حصّہ - B

### بہت چھوٹے جواب کے سوالات

(4×2=8) **(Very Short Answer Type Questions)**

**.21** انیسویں صدی میں ہندوستان کی غریب عوام پر پرنٹ کلچر کے پھیلنے کے کوئی دو اثرات بیان کیجیے۔ 2

**.22** 'حامی مساوات نسواں' (Feminist) اصطلاح کی وضاحت کیجیے۔ 2

**.23** (a) زراعت میں ہندوستان کی حکومت کے ذریعے کی گئی دو ٹکنالوجی کی اصلاحات کی وضاحت کیجیے۔ 2

**یا**

(b) زراعت ہندوستانی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کس طرح ہے؟ وضاحت کیجیے۔ 2

**.24** ہندوستانی معیشت میں ثالثی (تیسرے) شعبہ کے رول کا تجزیہ کیجیے۔ 2

## حصّہ - C

### چھوٹے جواب کے سوالات

(5×3=15) **(Short Answer Type Questions)**

**.25** (a) قصبوں اور شہروں میں عدم تعاون تحریک (Non-Cooperation Movement) بتدریج سست کیوں ہو گئی ؟ وضاحت کیجیے۔ 3

**یا**

(b) سول نافرمانی تحریک (Civil Disobedience Movement) میں تجارت پیشہ لوگوں کی حصّہ داری کو بیان کیجیے۔ 3

**26.** ہم وسائل کا تحفظ کیسے کرتے ہیں؟ کوئی تین طریقے بیان کیجیے۔ *3*

**27.** ''ٹکنالوجی سے عالم کاری (گلوبلائزیشن) کی عمل کاری میں تحرک پیدا ہوئی ہے''۔ اس قول کی تائید مثالوں کے ساتھ کیجیے۔ *3*

**28.** ''جمہوریت سماجی تنوع میں ہم آہنگی بناتی ہے''۔ اس قول کی جانچ کیجیے۔ *3*

**29.** ابتدائی اور ثانوی شعبوں (Primary and Secondary sectors) میں فرق واضح کیجیے۔ *3*

## حصّہ ۔ D

### لمبے جواب کے سوالات

### (Long Answer Type Questions) *(4×5=20)*

**30.** (a) جرمنی کے اتحاد کے عمل کو بیان کیجیے۔ *5*

**یا**

(b) اٹلی کے اتحاد کے عمل کو بیان کیجیے۔ *5*

**31.** (a) ہندوستانی معیشت میں مینوفیکچرنگ انڈسٹریز (سامان بنانے کی صنعتوں) کی اہمیت کی جانچ کیجیے۔ *5*

**یا**

(b) پانی کو صنعتی آلودگی سے کیسے بچا جاسکتا ہے؟ کوئی پانچ مشورے دیجیے۔ *5×1=5*

32. (a) ہندوستان میں سیاسی پارٹیوں کی اصلاح کرنے کے لیے حال ہی میں کی گئی کوششوں کو بیان کیجیے۔ 5

یا

(b) جمہوریت میں سیاسی پارٹیوں کے خاص رول کو بیان کیجیے۔ 5

33. (a) دیہی سماج میں خود امدادی گروپ (Self-Help Groups) کے رول کو بیان کیجیے۔ 5

یا

(b) بینک اور کوآپریٹو سوسائٹیوں کے لیے دیہی علاقوں میں اپنی قرض سے متعلق سرگرمیوں کو بڑھانا کیوں ضروری ہے؟ وضاحت کیجیے۔ 5

## حصّہ۔ E

## کیس پر مبنی سوالات

## (Case-Based Questions)

(3×4=12)

34. درج ذیل ماخذ کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے :

اوّلین فیکٹریاں انگلستان میں 1730 کی دہائی میں بنیں، لیکن ان کی تعداد میں تیزی سے اضافہ اٹھارھویں صدی کے آخر میں ہی ہوا۔

نئے عہد کی پہلی علامت کپاس تھی۔ اس کی پیداوار آخر انیسویں صدی میں پھلی پھولی۔ اپنی کپاس کی صنعت کو چلانے کے لیے برطانیہ 1760 میں 2·5 ملین پونڈ کپاس درآمد کر رہا تھا۔ 1787 تک یہ درآمد 22 ملین پاؤنڈ ہو گئی۔ اس اضافے کا تعلق پیداواری عمل میں ہونے والی متعدد تبدیلیوں سے تھا۔ آیئے ان میں سے کچھ تبدیلیوں پر ایک سرسری نظر ڈالیں۔

اٹھارھویں صدی میں ہونے والی ایجادات نے پیداوار کے عمل کے ہر قدم (تومنا، بٹنا، کاتنا اور لپیٹنا) کو زیادہ کار گر بنادیا۔ انھوں نے فی مزدور پیداوار میں بھی اضافہ کیا، اور زیادہ مضبوط دھاگے بنانے کو بھی ممکن کر دیا۔ پھر رچرڈ آرک رائٹ نے کاٹن مل کی تخلیق کی۔ اس وقت تک جیسا کہ آپ نے دیکھا ہے کپڑے کی تیاری کا کام (Production) سارے دیہی علاقوں میں پھیلا ہوا تھا اور دیہات کے ہر گھر میں ہوتا تھا۔ مگر اب نئی قیمتی مشینیں خریدی جاسکتی تھیں، ملوں میں انھیں لگایا جاسکتا تھا اور چلایا جاسکتا تھا۔ اب کپڑے کی تیاری کے سارے عمل ایک چھت کے نیچے اور ایک مینیجمنٹ کی زیرِ نگرانی لے آئے گئے تھے۔ اس طریقے نے پروڈکشن کے سارے عمل کی نگرانی کو بہتر بھی بنایا اور آسان بھی کر دیا۔ کوالٹی پر نظر رکھنا، مزدوروں اور مزدوروں کے کام کو بہتر ڈھنگ سے منظم کرنا آسان ہو گیا، یہ سارے کام اُس وقت دشوار ہوتے تھے جب پروڈکشن کا کام سارے دیہی علاقوں میں پھیلا ہوا تھا۔

(34.1) سب سے پہلے فیکٹریاں کب لگائی گئیں ؟ 1

(34.2) مل (Mill) میں، سبھی کاموں کو ایک ہی چھت کے نیچے اور ایک مینجمنٹ کے نگرانی میں کیوں رکھا گیا تھا ؟ 1

(34.3) اٹھارویں صدی کی مسلسل ایجادات نے پیداواری عمل کو زیادہ کار گر کیسے بنادیا ؟ 2

**35.** درج ذیل ماخذ کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے :

ڈیم یا باندھ بہتے ہوئے پانی کے سامنے ایک رکاوٹ ہوتا ہے، جو بہاؤ کو روکتا ہے، بہاؤ کے رخ کو بدل دیتا ہے یا سُست کر دیتا ہے۔ اکثر مصنوعی جھیل یا مخزن بن جاتا ہے۔ ''ڈیم'' ایک تعمیر سے بڑھ کر ایک مخزن ہوتا ہے۔ تمام ڈیم میں ایک حصّہ ہوتا ہے، جسے مخرجی پشتہ (Spillway or Weir) کہا جاتا ہے، جس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ پانی وقفہ کے ساتھ یا مسلسل بہے۔ ڈیم کی بناوٹ ممکنہ مقصد یا اونچائی کے لحاظ سے تقسیم کی جاتی ہے۔ بناوٹ یا تعمیر میں استعمال اشیا کے لحاظ سے یہ لکڑی سے تیار کردہ باندھ (Timber Dams)، پشتہ والے باندھ (Embankment Dams) یا سیمنٹ اور مسالہ سے تیار کردہ ڈیم (Masonry Dams) کہلاتے ہیں اور ان کی بھی کئی ذیلی اقسام ہوتی

ہیں۔اونچائی کے لحاظ سے بڑے ڈیم اور اہم ڈیم (Major Dams) یا پھر چھوٹا ڈیم، میانہ قد ڈیم یا اونچا ڈیم میں منقسم ہوتے ہیں۔

(35.1) ڈیم یا 'باندھ' لفظ کے دراصل کیا معنی ہیں؟ 1

(35.2) کثیر المقاصد ندی پروجیکٹ (Multi-purpose River Valley Project) کا کوئی ایک فائدہ بیان کیجیے۔ 1

(35.3) کثیر المقاصد ندی پروجیکٹس کس طرح سماجی تحریکوں کی وجہ بنے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔ 2

**36.** درج ذیل ماخذ کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے :

طاقت میں حصہ داری کا اہتمام سیاسی جماعتوں، فشاری گروپوں اور تحریکوں میں بھی صاف نظر آتا ہے کیوں کہ ان کے اندر برسر اقتدار گروپ کو متاثر کرنے کی زبردست صلاحیت موجود ہے۔ جمہوریت میں شہریوں کو پوری آزادی ہونی چاہیے کہ اقتدار کے حصول کے لیے جدوجہد کرنے والی جس جماعت کو چاہیں منتخب کریں معاصر جمہوریت میں اس نے مختلف جماعتوں کے مابین مقابلہ آرائی کی صورت اختیار کرلی ہے اس مقابلہ آرائی سے یقینی ہو جاتا ہے کہ اقتدار ایک ہی ہاتھ میں مرکوز نہیں رہے گا۔ طویل مدتی نظام کو مختلف نظریات اور سماجی گروپ کی نمائندگی کرنے والی مختلف جماعتوں کے مابین تقسیم کردیا جاتا ہے۔ کبھی کبھی طاقت کی یہ حصہ داری براہِ راست عمل میں آتی ہے اور یہ اس وقت ہوتا ہے جب دو یا دو سے زیادہ جماعتیں مل کر انتخاب میں حصہ لیتی ہیں اگر ان کے اتحاد کو انتخاب میں کامیابی مل جاتی ہے تو وہ متحدہ حکومت تشکیل دیتے ہیں اور یوں اقتدار کی حصہ داری عمل میں آتی ہے۔ جمہوریت میں مفاد پرست گروپ بھی ہوتے ہیں۔ اور انھیں ہم تجارت کار، صنعت کار، کسان اور صنعتی مزدور کے نام سے جانتے ہیں۔ حکومت کی طاقت اقتدار میں ان کی بھی حصہ داری ہوتی ہے اور اس کا اندازہ حکومتی کمیٹیوں میں ان کی شرکت اور فیصلہ کے مختلف مراحل میں ان کے اثرات اور نفوذ سے لگایا جاسکتا ہے۔

(36 .1) مختلف پارٹیوں کے درمیان مقابلہ آرائی سے کیا یقینی ہو جاتا ہے؟ 1

(36.2) مفاد پرست گروپوں کی حصہ داری سیاست میں کس طرح ہوتی ہے ؟ 1

(36.3) طاقت میں حصہ داری کی مختلف شکلیں (Farms) بیان کیجیے۔ 2

---

## حصّہ۔ F

## نقشے کے سوالات

(2+3=5) **(Map-Based Questions)**

**37.** (a) دو خصوصیات A اور B **ہندوستان** کے نقشے کے سیاسی خاکہ پر دکھائی گئی ہیں (صفحہ 17 پر) ان خصوصیات کو درج ذیل معلومات کی مدد سے پہچانیے اور ان کے صحیح نام ان کے نزدیک کھینچی گئی لائنوں پر لکھیے۔ $2\times1=2$

(i) وہ جگہ جہاں 1927 میں انڈین نیشنل کانگریس کا سیشن ہوا تھا۔

(ii) وہ جگہ جہاں گاندھی جی نے نیل کی کھیتی کرنے والوں کے لیے ستیہ گرہ منظم کیا تھا۔

(b) اسی دیے گئے **ہندوستان** کے سیاسی خاکے پر درج ذیل میں سے کسی **تین** کو مناسب علامتوں سے دکھایئے اور ان کے نام لکھیے۔ $3\times1=3$

(i) سلال باندھ

(ii) راماگنڈم تھرمل پاور پلانٹ

(iii) گاندھی نگر سافٹ ویئر ٹکنالوجی پارک

(iv) ٹوتی کورِن —— بحری بندرگاہ

نوٹ : درج ذیل سوالات صرف **نابینا طلباء** کے لیے سوال نمبر 37 کے بدلے۔

ان میں سے کسی پانچ سوالوں کے جواب لکھیے۔ $5\times1=5$

(37.1) اس جگہ کا نام لکھیے جہاں 1927 میں انڈین نیشنل کانگریس کا سیشن ہوا تھا۔

(37.2) گجرات کی اس جگہ کا نام لکھیے جہاں مل مزدوروں نے گاندھی جی کی لیڈر شپ میں ستیہ گرہ منظم کیا تھا ۔

(37.3) اس ریاست کا نام لکھیے جہاں سلال باندھ واقع ہے۔

(37.4) اس ریاست کا نام لکھیے جہاں راما گندم تھرمل پاور پلانٹ واقع ہے۔

(37.5) اس ریاست کا نام لکھیے جہاں گاندھی نگر سافٹ ویئر ٹکنالوجی پارک واقع ہے۔

(37.6) اس جگہ کا نام لکھیے جہاں ٹوتی کورِن بحری بندرگاہ واقع ہے۔

سوال نمبر **37** کے لیے۔

**For question no. 37**

